**21.08.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------------

☆ لوک سبھا کی کارروائی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ راجیہ سبھا کی کارروائی، بہار میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی مہم پر اپوزیشن پارٹیوں کے احتجاج کے سبب دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔

☆ آئی این ڈی آئی اے بلاک کے نائب صدر کے امیدوار اور سابق جج بی سدرشن ریڈی نے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا ہے۔ نامزدگی کے پرچوں کی جانچ پڑتال کل ہوگی۔

☆ گجرات اور پدوچیری کے مختلف علاقوں میں شدید بارش کے سبب سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔

☆ اور ، آج شام سری نگر کی تاریخی ڈَل جھیل میں پہلے کھیلو انڈیا واٹر اِسپورٹس فیسٹول کا آغاز ہورہا ہے۔

-----------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PARLIAMENT ADJOURNED**

لوک سبھا کی کارروائی غیرمعینہ عرصے کیلئے ملتوی کردی گئی ہے، جبکہ راجیہ سبھا کی کارروائی بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی نظرِثانی سمیت مختلف معاملوں پر اپوزیشن پارٹیوں کے زبردست احتجاج کے بعد دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ مانسون اجلاس 21 جولائی کو شروع ہوا تھا۔ جب ایوان کا اجلاس پہلے التوا کے بعد دوپہر میں شروع ہوا تو لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے بتایا کہ اجلاس کے دوران 14 سرکاری بل پیش کئے گئے اور کُل 12 بلوں کو منظوری دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور سے متعلق دو روزہ خصوصی بحث کا اہتمام بھی کیا گیا، جو وزیرِ اعظم نریندر مودی کے جواب کے ساتھ ختم ہوا۔ اسپیکر نے یہ بھی بتایا کہ لوک سبھا میں بھارت کے خلائی پروگرام کی کامیابی سے متعلق خصوصی بحث بھی ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ اِس اجلاس کیلئے ایجنڈے میں کُل 419 سوالات شامل کئے گئے تھے لیکن پہلے سے تیار منصوبے کے تحت مسلسل رخنہ اندازی کے سبب محض 55 سوالوں کے زبانی جواب دیئے گئے ۔

**SB - 1400 - Speaker Om Birla on Work**

اسپیکر نے کہا کہ اِس اجلاس کے دوران، جس طرح کی زبان کا استعمال کیا گیا اور حرکتیں دیکھی گئیں، وہ پارلیمنٹ کے وقار سے میل نہیں کھاتیں۔ جناب برلا نے اِس بات پر زور دیا کہ ارکان کی یہ مجموعی ذمہ داری ہے کہ وہ پارلیمنٹ میں شائستگی اور آداب کو برقرار رکھنے میں مدد کریں۔

**SB-1400-Speaker Om Birla on Opposition**

جب راجیہ سبھا کا اجلاس 11 بجے شروع ہوا تو ڈپٹی چیئرمین ہری وَنش نے کہا کہ انہیں مختلف امور پر کئی سیاسی پارٹیوں کی طرف سے التوا کے 18 نوٹس موصول ہوئے ہیں۔ البتہ انہوں نے ضابطے کا حوالہ دے کر انہیں مسترد کردیا۔ اس کے بعد، اپوزیشن ارکان نے نعرے بازی شروع کردی۔ جناب ہری وَنش نے وقفۂ صفر کی کارروائی چلانے کی کوشش کی لیکن بہار میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی نظرثانی کے معاملے پر اپوزیشن کے احتجاج کے سبب یہ ممکن نہیں ہوسکا۔ جب شور و غل کا سلسلہ جاری رہا تو ڈپٹی چیئرمین نے ایوان کی کارروائی دن کے دو بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔

**SB - 1200 - Harivansh - Rajya Sabha**

**<u>PM-BIHAR-WB VISIT</u>**

وزیراعظم نریندر مودی کل بہار اور مغربی بنگال کے دورے پر رہیں گے۔ بہار کے اپنے دورے کے دوران وزیراعظم، گیا میں تقریباً 13 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ وہ گیا اور دلّی کے درمیان امرت بھارت ایکسپریس اور ویشالی اور Koderma کے درمیان بدھسٹ سرکٹ ٹرین کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ وزیراعظم 660 میگاواٹ والے بکسر تھرمل پاور پلانٹ کا بھی افتتاح کریں گے، جسے 6 ہزار 880 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ مغربی بنگال کے اپنے دورے کے دوران جناب مودی 5 ہزار 200 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔ وہ کولکاتا میں نئے تعمیر کئے گئے سیکشنز پر میٹرو ٹرین خدمات کا بھی جھنڈی دکھاکر آغاز کریں گے۔×

**<u>REDDY-NOMINATION</u>**

آئی این ڈی آئی اے بلاک کے نائب صدر کے امیدوار اور سپریم کورٹ کے سابق جج بی سدرشن ریڈی نے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ اس موقع پر کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، کانگریس کی سینئر رہنما سونیا گاندھی، NCP-SCP کے رہنما شردپوار اور سماجوادی پارٹی کے لیڈر رام گوپال یادو موجود تھے۔

کل NDA کے نائب صدر کے امیدوار سی پی رادھاکرشنن نے اپنا نامزدگی کا پرچہ داخل کیا تھا۔ نامزدگی کے پرچوں کی

جانچ پڑتال کل کی جائے گی اور اس ماہ کی 25 تاریخ تک نام واپس لئے جاسکیں گے۔ نائب صدر کا انتخاب آئندہ ماہ کی 9 تاریخ کو ہوگا۔×

## AWHINI VAISHNAW SPECIAL TRAIN

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے اعلان کیا ہے کہ دیوالی اور چھٹھ پوجا کے موقع پر بہار کیلئے 12 ہزار خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔ جناب ویشنو اور بہار NDA رہنماؤں کے درمیان آئندہ تہواروں کے سلسلے میں ریلوے کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے ہوئی ملاقات کے بعد یہ اعلان کیا گیا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ ریاست کے رہنماؤں کے ساتھ عوام کی سفری ضروریات پر ہوئے تبادلۂ خیال کے بعد ریلوے کی وزارت نے نہ صرف نئی ٹرینوں بلکہ دیگر کئی اسکیموں اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر کام کیا ہے۔

**S/B Ashwini Train - 26 Secs**

## CCPA FALLSE ADVERTISEMENT

صارفین کے تحفظ کی مرکزی اتھارٹی CCPA نے گمراہ کن اشتہارات شائع کرنے اور نامناسب تجارتی طور طریقوں کی پاداش میں ایک نجی بائیک ٹیکسی کمپنی کو 10 لاکھ روپے جرمانے کے طور پر ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ CCPA نے Ride-Hailing پلیٹ فارم کے گمراہ کن اشتہارات کا نوٹس لیا، جس میں صارفین سے پانچ منٹ میں Auto فراہم کرنے یا پانچ منٹ میں Auto نہ ملنے پر 50 روپے دینے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ اتھارٹی نے آن لائن Ride-Hailing پلیٹ فارم کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایسے صارفین کو مذکورہ رقم بلاتاخیر اور بلاشرط ادا کرے، جنہوں نے اِس پیشکش کا فائدہ اٹھایا لیکن انہیں وعدے کے مطابق 50 روپے موصول نہیں ہوئے۔ اگر صارفین کو گمراہ کن اشتہارات یا نامناسب تجارتی طور طریقوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ نیشنل کنزیومر ہیلپ لائن 1915 پر کال کرسکتے ہیں یا اپنی شکایت درج کرانے کیلئے NCH ایپ یا ویب سائٹ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ x

## GURJAT-RAINS

گجرات کے ساحلی اضلاع سوراشٹر اور جنوبی گجرات میں دور دور تک شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ مقامی باندھ اور دریا میں پانی کی سطح زیادہ ہے، جس سے خطے میں معمولاتی زندگی متاثر ہے۔ جوناگڑھ، دیو بھومی، دوارکا، پوربندر اور گرسومناتھ سمیت بارش سے متاثرہ اضلاع میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔×

**PUDUCHERRY FLOOD**

پدوچیری میں گوداوری دریا کے نشیبی علاقوں میں شدید بارش سے یانَم کے نزدیک **Gowthami** میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ آب پاشی کے محکمے کے حکام نے کہا ہے کہ آج خلیج بنگال میں تقریباً **10** لاکھ کیوسِک پانی چھوڑا گیا ہے۔ **Dowleswaram** بیراج میں پہلی سیلاب کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے **IMD** نے آج گجرات خطے میں بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ **IMD** نے کہا ہے کہ آج سوراشٹر اور کچھ میں بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آئندہ دو سے تین روز کے دوران مہاراشٹر میں کہیں کہیں اور ملک کے شمال مشرقی حصوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ کل تک بہار، چھتیس گڑھ، راجستھان، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، اُڈیشہ، اتراکھنڈ، کونکن اور گوا میں بھی شدید بارش کا امکان ہے۔×

**J&K SOPs SAFETY STUDENTS**

جموں وکشمیر میں، جموں کے اسکولی تعلیم کے ڈائریکٹوریٹ نے خراب موسم کی صورتحال کے دوران طلباء، عملے اور دیگر افراد کی سلامتی کے سلسلے میں کام کاج کے معیاری ضابطے **SOP** جاری کئے ہیں۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جموں ڈویژن کے اداروں کے سبھی سربراہان کو **SOPs** کی سختی سے پابندی کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ **SOPs** کے تحت سبھی اداروں کے سربراہان کو مستقل طور پر اسکول کی عمارتوں کا معائنہ کرنے کی ہدایت دی گئی ہے، جن میں اسکول کی حدود کی دیواریں، چھتیں اور الیکٹریکل سسٹم شامل ہیں، تاکہ کسی امکانی خطرے کا فوری طور پر ازالہ کیا جاسکے۔×

**ISRAEL GAZA OPERATION**

اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ اُس نے غزہ شہر پر قبضہ کرنے اور اِسے اپنے کنٹرول میں لینے کیلئے زمینی کارروائی کے سلسلے میں ابتدائی اقدامات شروع کر دیے ہیں۔ ایک بڑے حملے کی تیاری کیلئے فوجی اہلکار زیتون اور **Jabalia** سمیت مضافاتی علاقوں میں پہلے ہی سرگرمِ عمل ہیں۔ اسرائیل کے وزیر دفاع **Israel Katz** نے کل متعلقہ منصوبے کو منظوری دی ہے۔ اب اسرائیل کی سیکیورٹی کابینہ اِس کا جائزہ لے گی۔ اسرائیل کی دفاعی فورسز نے کہا ہے کہ اس کارروائی میں معاونت کیلئے اسرائیل **60** ہزار ریزرو اہلکاروں کو طلب کر رہا ہے، تاکہ وہ بھی اس مشن میں شامل ہوسکیں۔×

## FIJI PM-INDIA VISIT

فجی کے وزیرِ اعظم Sitiveni Ligamamada Rabuka اتوار سے بھارت کا تین دن کا دورہ کریں گے۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اپنے دورے کے دوران جناب Rabuka پیر کو وزیرِ اعظم نریندر مودی سے بات چیت کریں گے۔ وزیرِ اعظم مودی جناب Rabuka کے اعزاز میں Lunch کا اہتمام کریں گے۔ فجی کے وزیرِ اعظم ، صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے۔ صدر مرمو نے گذشتہ سال اگست میں فجی کا دورہ کیا تھا۔x

## KHELO INDIA WATER SPORTS

پہلا کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹول آج سے جموں و کشمیر میں سری نگر کی خوبصورت ڈل جھیل میں شروع ہوگا۔ اِس 3 روزہ قومی ٹورنامنٹ میں 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 400 سے زیادہ چوٹی کے کھلاڑی Rowing، Kayaking اور Canoeing جیسے کھیلوں میں سونے کے 24 تمغوں کے لیے مقابلہ آرائی کریں گے۔ یہ عمر کی حد سے آزاد پہلی قومی چمپئن شپ ہے، جس کے سبھی 24 کھیل، اولمپک کے کھیلوں کے پروگرام کا حصہ ہیں۔ اِس فیسٹول میں 3 مقابلوں، واٹر اسکینگ، شکارہ بوٹ دوڑ اور ڈریگن بوٹ دوڑ کا مظاہرہ بھی کیا جائے گا، جس کا مقصد سیاحت کو فروغ دینا ہے۔

## PAKSTAN COMMERCE MINISTER

پاکستان کے کامرس کے وزیر جام کمال خان چار دن کے سرکاری دورے پر کل بنگلہ دیش پہنچے ہیں۔ اِس دورے کا مقصد دو طرفہ تجارتی رشتوں کو مستحکم کرنا اور پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان اقتصادی اشتراک میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ بات بنگلہ دیش Sanghbad Sangstha-(BSS) نے بتائی ہے۔ بات چیت کے دوران بنگلہ دیش اور پاکستان کے درمیان تجارت کے امکانات اور مستقبل میں اشتراک کے مواقع پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ دورے کے دوران مفاہمت کے چار اقرارناموں پر دستخط کئے جانے کا امکان ہے، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی اشتراک کے فروغ میں مدد ملے گی۔ پاکستان کے کامرس کے وزیر سرکار کے اعلیٰ نمائندوں اور کاروباری انجمنوں کے رہنماؤں کے ساتھ بھی میٹنگ کریں گے۔ وہ چٹوگرام بندرگاہ، ایک دوا ساز کمپنی اور ایک اسٹیل فیکٹری کا بھی دورہ کریں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆